## سوال

(355)اجرت لے کرحج بدل کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو شخص ہدی کے بغیر تین ہزار ریال حج کی اجرت لے لے اور صحیح طریقے سے حج کرلے تو کیا اسے حج کا ثواب ملے گا؟ کیا اس سے متوفی کا بھی حج ہوجائے گا؟ اوراس کا بھی جس نے اجرت ادا کی ہے؟ یا جس نے حج کیا ہے وہ محروم رہے گا؟ کیونکہ بعض لوگ ایسا فتویٰ دینے لگے ہیں جسے ہم نہیں جانتے یعنی وہ یہ کہتے ہیں کہ حج کرنے والے کو حج کا ثواب نہیں ملے گا کیونکہ اس نے حج کی بجائے اجرت لے لی ہے۔ ہم اس مسئلہ میں صحیح صورتحال معلوم کرنا چاہتے ہیں۔

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اگراس شخص نے حج کی اجرت محض دنیا کے حصول کی خاطر لی ہے تو یہ بہت خطرناک صورتحال اور خطرہ ہے کہ شاید اس کاحج مقبول ہی نہ ہو کیونکہ اس شخص نے آخرت پر دنیا کو ترجیح دی ہے۔ اوراگر اس نے اجرت اس لیے لی ہے کہ فریضہ حج ادا کرکے وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی رضا حاصل کرسکے ،اپنے مسلمان بھائی کی طرف سے حج کرکے اسے نفع پہنچاسکے، مشاعر حج میں مسلمانوں کے ساتھ شریک ہوسکے، طواف، مسجد حرام کی نمازوں اور علمی محفلوں میں شرکت کرکے اجروثواب حاصل کرسکے تو وہ یقینا بہت زیادہ خیروبرکت حاصل کرکے حج کا بھی اسی قدر ثواب حاصل کرے گا جس قدر اسے ثواب ملے گا جس کی طرف سے اس نے حج کیا ہوگا۔

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ اسلامیہ

## کتاب المناسک : ج 2 صفحہ 261

محدث فتویٰ